روزنامہ
ٹیلی فون نمبر 047-6213029 FD-10

الفضل

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان
Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

جمعہ 6 جون 2008ء یکم جمادی الثانی 1429 ہجری 6/احسان 1387 ہش جلد 58-93 نمبر 127

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

یہ قاعدہ کی بات ہے کہ جس قدر چیزوں میں کوئی ذاتی تعلق درمیان ہو اسی قدر ان میں اس تعلق کی وجہ سے محبت بھی پیدا ہو جاتی ہے جیسا کہ ماں کو اپنے بچہ سے محبت ہوتی ہے اور بچہ کو اپنی ماں سے کیونکہ وہ اس کے خون سے پیدا ہوا ہے اور اس کے رحم میں پرورش پائی ہے۔ پس اگر روحوں کو خدا تعالیٰ کے ساتھ کوئی تعلق پیدائش کا درمیان نہیں اور وہ قدیم سے خود بخود ہیں تو عقل قبول نہیں کر سکتی کہ ان کی فطرت میں خدا تعالیٰ کی محبت ہو اور جب ان کی فطرت میں پرمیشر کی محبت نہیں تو وہ کسی طرح نجات پا ہی نہیں سکتیں۔

اصل حقیقت اور اصل سرچشمہ نجات کا محبت ذاتی ہے جو وصال الٰہی تک پہنچاتی ہے۔ وجہ یہ کہ کوئی محبّ اپنے محبوب سے جدا نہیں رہ سکتا۔ اور چونکہ خدا خود نور ہے اس لئے اس کی محبت سے نور نجات پیدا ہو جاتا ہے اور وہ محبت جو انسان کی فطرت میں ہے خدا تعالیٰ کی محبت کو اپنی طرف کھینچتی ہے۔ اسی طرح خدا تعالیٰ کی محبت ذاتی انسان کی محبت ذاتی میں ایک خارق عادت جوش بخشتی ہے۔ اور ان دونوں محبتوں کے ملنے سے ایک فنا کی صورت پیدا ہو کر بقا باللہ کا نور پیدا ہو جاتا ہے۔ اور یہ بات کہ دونوں محبتوں کا باہم ملنا ضروری طور پر اس نتیجہ کو پیدا کرتا ہے کہ ایسے انسان کا انجام فنا فی اللہ ہو اور خاکستر کی طرح بے وجود ہو کر (جو حجاب ہے) سراسر عشق الٰہی میں روح غرق ہو جائے اس کی مثال وہ حالت ہے کہ جب انسان پر آسمان سے صاعقہ پڑتی ہے تو اس آگ کی کشش سے انسان کے بدن کی اندرونی آگ یک دفعہ باہر آ جاتی ہے تو اس کا نتیجہ جسمانی فنا ہوتا ہے پس دراصل یہ روحانی موت بھی اسی طرح دو قسم کی آگ کو چاہتی ہے۔ ایک آسمانی آگ اور ایک اندرونی آگ اور دونوں کے ملنے سے وہ فنا پیدا ہو جاتی ہے جس کے بغیر سلوک تمام نہیں ہو سکتا۔ یہی فنا وہ چیز ہے جس پر سالکوں کا سلوک ختم ہو جاتا ہے۔ اور جو انسانی مجاہدات کی آخری حد ہے۔ اسی فنا کے بعد فضل اور موہبت کے طور پر مرتبہ بقا کا انسان کو حاصل ہوتا ہے۔ اسی کی طرف اس آیت میں اشارہ ہے۔ .... (الفاتحہ: 7) اس آیت کا خلاصہ یہ ہے کہ جس شخص کو یہ مرتبہ ملا انعام کے طور پر ملا یعنی محض فضل سے نہ کسی عمل کا اجر۔ اور یہ عشق الٰہی کا آخری نتیجہ ہے۔ جس سے ہمیشہ کی زندگی حاصل ہوتی ہے اور موت سے نجات ہوتی ہے۔ ....

..........انسان چونکہ بوجہ اپنی بشریت کی کمزوریوں کے ایسے اعمال بجا نہیں لا سکتا جن سے بے انتہا اور غیر محدود نعمتوں کا حقدار ہو جائے اور بغیر حصول ان نعمتوں کے سچی اور حقیقی نجات پا ہی نہیں سکتا۔ اس لئے انسان جب اپنی قوت اور طاقت کی حد تک مجاہدہ اور جپ تپ کر لیتا ہے تب عنایت الٰہی اس کی کمزوری پر رحم کر کے محض فضل سے اس کی دستگیری کرتی ہے اور مفت کے طور پر وصال الٰہی کا وہ انعام اس کو دیتی ہے جو پہلے اس سے راستبازوں کو دیا گیا تھا۔

(چشمہ مسیحی۔ روحانی خزائن جلد 20 صفحہ 364)

نیکی وہ ہے

حضرت وابصہؓ بیان کرتے ہیں کہ میں نے آنحضرت ﷺ سے نیکی اور گناہ کے بارہ میں سوال کیا تو آپ نے فرمایا اپنے دل سے پوچھو اپنے نفس سے پوچھو۔ نیکی وہ ہے جس پر دل مطمئن ہو اور گناہ وہ ہے جو دل میں کھٹکے اور سینہ میں خلجان پیدا کرے۔ اگرچہ لوگ تجھے کچھ اور فتوے دیتے رہیں۔

(مسند احمد حدیث نمبر 17320)

حضور انور کے خطبہ جمعہ کا وقت

پاکستان میں گھڑیوں کے ایک گھنٹہ آگے ہونے کی وجہ سے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا خطبہ جمعہ 6 بجے شام نشر ہوگا۔ احباب نوٹ فرمالیں۔

جنت میں ایک ساتھ

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ فرماتے ہیں:۔

یتیموں سے بھی حسن سلوک کرو۔ ان کا بھی خیال رکھو۔ ان کو معاشرے میں محرومیت کا احساس نہ ہونے دو اور اس حدیث کو یاد رکھو کہ آپ ﷺ نے فرمایا کہ میں اور یتیم کی پرورش کرنے والے جنت میں اس طرح ساتھ ہونگے جس طرح دو انگلیاں ہیں۔

(الفضل 19 نومبر 2004ء)

(مرسلہ: سیکرٹری کمیٹی کفالت یکصد یتامیٰ دارالضیافت ربوہ)

معلوماتی سیمینار

ایسوسی ایشن آف احمدی کمپیوٹر پروفیشنلز (مجلس ربوہ) Being A Professional IT Manager کے موضوع پر ایک سیمینار منعقد کر رہی ہے۔ جس میں IT Management skills, Performance وغیرہ کے بارہ میں لیکچر ہوگا۔ یہ سیمینار مورخہ 8 جون 2008ء کو بعد نماز عصر 6:15 بجے شام نور العین دائرۃ الخدمۃ الانسانیہ (بلڈ بینک) میں منعقد ہوگا۔ احباب وخواتین سے اس مفید سیمینار میں شرکت کی درخواست ہے۔

برائے رابطہ ومزید معلومات 0333-6701710

(صدر، مجلس ربوہ)

ضرورت مند مریضوں کا مفت علاج

فضل عمر ہسپتال ربوہ دکھی اور ضرورت مند مریضوں کا مفت علاج کرتا ہے۔ مخیّر حضرات سے درخواست ہے کہ وہ اس سہولت کے فراہم کرنے میں ادارہ کی معاونت فرمائیں اور اپنی رقوم مد نادار مریضان میں بھجوا کر ثواب دارین حاصل کریں۔

(ایڈمنسٹریٹر فضل عمر ہسپتال ربوہ)

محترم مولانا دوست محمد صاحب شاہد مورخ احمدیت

عالم روحانی کے لعل وجواہر (نمبر 486)

گلشن صدیقیت کے چند سدا بہار پھول

یہ قسط صدیق اکبر حضرت امیرالمومنین ابوبکر ابن ابی قحافہ خلیفہ رسول کے کلمات طیبات کے روح پرور تذکرہ کے لئے مخصوص ہے۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کو شہ کائنات کے خلیفہ اول کی بیش قیمت نصائح کو دل میں بسانے اور روح میں سجانے کی توفیق بخشے۔ آمین

حضرت مسیح موعود نے حضرت ابوبکر صدیق، حضرت عمر فاروق اور دوسرے جلیل القدر صحابہ کی شان اقدس میں ایک عدیم المثال عربی قصیدہ رقم فرمایا ہے جو ''سر الخلافہ'' میں موجود ہے۔ حضور کے عربی کلام کے چند اشعار کے ترجمہ ہی سے شان صدیق اکبر کی ایک نمایاں جھلک سامنے آجاتی ہے۔

حضرت اقدس فرماتے ہیں کہ رب مہیمن صدیق کی تعریف کر رہا ہے۔ آپ کے باقیات صالحات سورج کی طرح روشن ہیں اور آپ کے نشانات کا چشمہ رواں ہے۔ آپ کا دل نبیوں کے دل کی طرح اور ہمت شیروں کی مانند تھی میں **آپ کے شمائل وعادات میں بھی اللہ کے چہرے کا نور پاتا ہوں اور آپ کے جلووں میں۔ گویا وہ آفتاب کے ٹکڑوں کی طرح تھے۔ آپ کی خدمات چودھویں رات کے چاندوں کی مانند چمک دمک رہی ہیں اور آپ کے ثمرات بکثرت اور چنے ہوئے میووں کی طرح ہیں۔**

حضرت امیرالمومنین ابوبکر صدیق

خلیفہ اول کے کلمات طیبات

☆ فرمایا کہ ''میں پاکی بیان کرتا ہوں اس ذات کی جس نے اپنی مخلوق کے لئے کوئی راستہ اپنی معرفت کا نہیں رکھا، سوا اس کے کہ اس کی معرفت سے عاجز ہوجائیں''۔

امام الصوفیہ حضرت جنید بغدادیؒ اس کلام کی نسبت فرماتے ہیں اشرف کلمة فی التوحید۔

☆ فرمایا کہ ''جو شخص اللہ کی محبت کا مزہ چکھ لیتا ہے پھر اس کو طلب دنیا کی فرصت نہیں ملتی، انسانوں سے اس کو وحشت ہوتی ہے''۔

☆ مرض وفات میں لوگ عیادت کو آئے اور کہنے لگے، اے خلیفۂ رسول اللہ کسی طبیب کو آپ کے لئے بلایا جائے تو فرمایا ''طبیب تو مجھے دیکھ چکا ہے'' لوگوں نے پوچھا کہ پھر طبیب نے کیا کہا، فرمایا ''اس نے کہا انی فعال لما یرید''

☆ فرمایا کہ جب میں کسی شرابی کو گرفتار کرتا ہوں تو دل میں یہ آرزو پیدا ہوتی ہے کہ اللہ اس کی ستر پوشی کرے، اور کسی چور کو گرفتار کرتا ہوں اس وقت بھی یہی خواہش دل میں ہوتی ہے'' اللہ اکبر کس قدر شفقت خلق اللہ پر تھی،

☆ فرمایا ''اللہ کی قسم مجھے کبھی خلافت کی خواہش نہ تھی، نہ میں نے کبھی اللہ سے اس کو طلب کیا، نہ پوشیدہ نہ آشکارا''

☆ ایک روز ایک پرندے کو آپ نے درخت پر دیکھا، فرمایا ''اے پرندے تجھے خوشی ہو، اللہ کی قسم میرا دل چاہتا ہے کہ میں بھی تیرے مثل ہوتا، تو جس درخت پر چاہتا ہے بیٹھ جاتا ہے اور جو پھل چاہتا ہے کھا لیتا ہے اور تیرے اوپر نہ کوئی حساب ہے نہ عذاب، اے کاش! میں سڑک کے کنارے کا درخت ہوتا کسی اونٹ کا میرے اوپر گذر ہوتا اور مجھے اپنے منہ میں رکھ کر چبا لیتا، پھر میں مینگنی بن کر نکل جاتا، انسان نہ ہوتا اللہ رے خوف خدا،

☆ ''ایک مرتبہ ایک شکار آپ کے سامنے لایا گیا تو فرمایا ''جب کوئی شکار مارا جاتا ہے، یا کوئی درخت کاٹا جاتا ہے، تو اس کا سبب یہی ہوتا ہے کہ اس نے اللہ کی تسبیح ضائع کر دی۔''

☆ بسا اوقات اونٹ پر سوار ہوتے اور مہار گر جاتی، تو اونٹ کو بٹھلا کر اترتے اور مہار کو خود اٹھاتے، لوگ کہتے کہ حضرت آپ نے ہمیں حکم کیوں نہ دیا ہم اٹھا دیتے، تو فرماتے کہ ''میرے حبیب ﷺ نے مجھے حکم دیا ہے کہ کسی انسان سے کچھ سوال نہ کروں۔''

☆ عبداللہ بن حکیم کہتے ہیں، ایک روز صدیقؓ نے خطبہ پڑھا، جس میں حسب ذیل ارشادات تھے:۔

''اے لوگو! میں تم کو وصیت کرتا ہوں کہ اللہ سے ڈرو، اور اللہ کی تعریف ایسی کرو جس کا وہ سزاوار ہے، اور امید وخوف دونوں کو مخلوط رکھو اور دعا مانگنے کے ساتھ الحاح بھی اختیار کرو، دیکھو خدا نے زکریاؑ اور ان کے گھر والوں کی تعریف میں فرمایا (۔) اے اللہ کے بندو خوب سمجھ لو! اللہ نے اپنے حق میں تمہاری جانوں کو گرِ دیا ہے، اور اس پر تم سے عہد لئے ہیں، اور تم سے قلیل فانی (یعنی دنیا) کو بعوض کثیر باقی (یعنی جنت و نعیم آخرت) کے مول لیا ہے،

یہ اللہ کی کتاب تم میں موجود ہے، جس کے عجائب کبھی ختم نہ ہوں گے، جس کی روشنی کبھی گل نہ ہوگی، لہٰذا تم کلام الٰہی کی تصدیق کرو، اور اللہ کی کتاب سے نصیحت حاصل کرتے رہو، اور تاریکی والے دن کے لئے اس سے بینائی حاصل کرو، تم کو اللہ نے اپنی عبادت ہی کے لئے پیدا کیا ہے، اور تم پر کراماً کاتبین (یعنی اعمال کے لکھنے والے فرشتوں) کو مسلط کیا ہے جو کچھ تم کرتے ہو وہ فرشتے جانتے ہیں، اے اللہ کے بندو تم ہر صبح اور شام (یعنی ہر لحظہ) اس میعاد سے قریب ہوتے جاتے ہو، جس کا علم تم سے غائب ہے، پس اگر تم سے ہوسکے کہ تمہاری عمریں اس حال میں ختم ہوں کہ تم اللہ کے کام میں مشغول ہو تو ایسا ہی کرو مگر اللہ کی مدد کے بغیر تم ایسا نہیں کر سکتے (لہٰذا اللہ سے مدد مانگو) اے لوگو اپنی عمر کی مہلتوں میں نیکیوں کی طرف سبقت کرو قبل اس کے کہ تمہاری عمریں ختم ہوجائیں، اور تم کو اپنی بداعمالیوں سے سابقہ پڑے، کچھ لوگوں نے اپنی زندگیاں غیروں کے لئے صرف کر دیں اور اپنی جانوں کو فراموش کر دیا، میں تم کو منع کرتا ہوں کہ تم ایسے نہ بنو۔''

☆ حضرت انسؓ کہتے ہیں کہ حضرت صدیقؓ کبھی خطبہ میں انسان کی پیدائش کا حال بیان فرماتے اور فرماتے کہ انسان دو مرتبہ مقام نجاست سے نکلا ہے (یعنی ایک مرتبہ صلب پدر سے اور ایک مرتبہ شکم مادر سے) اس وقت کیفیت یہ ہوتی تھی کہ ہر شخص اپنے آپ کو نجس سمجھنے لگتا۔

☆ فرمایا کرتے تھے کہ ''اے لوگو! خدا کے خوف سے ڈرو، اگر رونا نہ آئے تو رونے کی کوشش کرو۔''

☆ ایک روز اپنے خطبہ میں فرمایا کہ وہ حسین کہاں گئے جن کے چہرے خوبصورت تھے، جن کو اپنی جوانی پر ناز تھا، وہ بادشاہ کہاں گئے جنہوں نے شہر آباد کئے تھے، قلعے بنائے تھے، وہ بہادر کہاں گئے جو میدان جنگ میں ہمیشہ غالب رہتے تھے، زمانہ نے ان کو ہلاک کر دیا، اور وہ قبر کی تاریکیوں میں پڑے ہیں''

☆ جہاد ملکِ شام کی ترغیب میں جو خطبہ پڑھا تھا اس کا ایک جملہ یہ تھا۔

''اے لوگو! خوش ہو جاؤ یقین ہے کہ اللہ اس کام کو پورا کرے گا، یہاں تک کہ روغن زیتون کی تمہارے یہاں افراط ہوجائے گی''۔

☆ فرمایا کرتے تھے:۔ ''ہم نے بزرگی کو تقویٰ میں پایا، اور تونگری کو یقین میں، اور عزت کو تواضع میں''

☆ ایک روز خطبہ پڑھنے کے لئے کھڑے ہوئے، اور فرمایا کہ:۔

''پارسال گرمیوں میں تمہارے نبی ﷺ سے سنا تھا'' یہ کہہ کر رونے لگے، پھر فرمایا کہ ''پارسال گرمیوں میں میں نے تمہارے نبی ﷺ سے سنا تھا'' اور پھر رونے لگے، پھر فرمایا کہ آپؐ فرماتے تھے کہ اللہ سے گناہوں کی بخشش اور دنیا و آخرت کی عافیت طلب کیا کرو''

☆ فرمایا کرتے تھے کہ 'سچ بولنا اور نیکی کرنا جنت میں ہے اور جھوٹ بولنا اور بدکاری کرنا دوزخ میں ہے''

☆ فرمایا کرتے تھے ''اے اللہ کے بندو آپس میں قطع تعلق نہ کرو، بغض نہ رکھو ایک دوسرے پر حسد نہ کرو، اور بھائی بھائی ہو کے رہو جیسا کہ اللہ نے تم کو حکم دیا ہے۔''

☆ فرماتے تھے کہ ''رسول خدا ﷺ نے حکم دیا ہے کہ اپنے لونڈی غلاموں کو اولاد کی طرح رکھو، ان کو وہی کھلاؤ جو خود کھاتے ہو، وہی پہناؤ جو تم پہنتے ہو۔''

☆ اکثر یہ دعا مانگا کرتے تھے کہ اے اللہ مجھے حق دکھا، اور حق کی پیروی کی توفیق دے، اور مجھے باطل کی پہچان دے، اور اس سے بچنے کی توفیق دے، اور حق و باطل کو میرے اوپر مشتبہ نہ کرنا، ورنہ میں ہوائے نفسانی کا تابع ہوجاؤں گا۔''

(ماخوذ از خلفاء راشدین طبع سوم صفحہ 73-78 ناشر ادارہ اسلامیات لاہور اشاعت جولائی 1961ء)

اطلاعات واعلانات

اعلان داخلہ

۞ لاہور سکول آف اکنامکس لاہور نے بی ایس سی (آنرز) چار سالہ ڈگری پروگرام ڈبل میجر ان اکنامکس اینڈ فنانس میں آفر کیا ہے۔

درخواست جمع کروانے کی آخری تاریخ 27 جون 2008ء ہے۔ مزید معلومات کیلئے ویب سائٹ www.lahoreschoolofeconomics.edu.pk یا فون نمبر 042-7038890 پر رابطہ کریں۔

۞ کامسیٹس انسٹیٹیوٹ آف انفارمیشن ٹیکنالوجی نے ایم ایس / پی ایچ ڈی درج ذیل پروگرامز میں آفر کیا ہے۔

اسلام آباد کیمپس: بائیو سائنسز، کمپیوٹر سائنس، مینجمنٹ سائنسز، میٹریالوجی، کمپیوٹر انجینئرنگ، ہیلتھ انفارمیٹکس، میتھ میٹکس، فزکس،

ایبٹ آباد کیمپس: کمپیوٹر انجینئرنگ، انوائرنمینٹل سائنسز، میتھ میٹکس، کمپیوٹر سائنس، مینجمنٹ سائنسز۔

لاہور کیمپس: کمپیوٹر سائنس، مینجمنٹ سائنسز۔

ان پروگرامز میں داخلہ کیلئے NTS کے تحت GAT-General ٹیسٹ پاس کرنا ضروری ہے۔ داخلہ فارم جمع کروانے کی آخری تاریخ 25 جولائی 2008ء ہے۔ جبکہ NTS کا ٹیسٹ 6 جولائی 2008ء کو ہوگا اور ٹیسٹ کیلئے فارم جمع کروانے کی آخری تاریخ 7 جون 2008ء ہے۔ مزید معلومات کیلئے ادارہ کی ویب سائٹ www.ciit.edu.pk اور فون نمبر 111-001-007 پر رابطہ کریں۔

(نظارت تعلیم)

درخواست دعا

۞ مکرم رانا محمد قاسم صاحب دارالنصر غربی حبیب ربوہ تحریر کرتے ہیں۔

میرے والد محترم رانا بن یامین صاحب دارالعلوم جنوبی احد ربوہ ایک عرصہ سے آنکھوں کے عارضہ میں مبتلا ہیں نظر بہت کمزور ہوچکی ہے۔ چلنے پھرنے میں دشواری ہے باوجود علاج معالجہ کے افاقہ نہیں ہو رہا۔ احباب جماعت سے عاجزانہ درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنے خاص فضل و رحم سے ان کو شفائے کاملہ وعاجلہ سے نوازے۔

پبلشر و پرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/4 روپے

13

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ کا دورہ نائیجیریا

نیشنل مجلس عاملہ، مربیان اور معلمین کو ہدایات، ملاقاتیں، عشائیہ اور لندن آمد

رپورٹ: مکرم عبدالماجد طاہر صاحب ایڈیشنل وکیل التبشیر لندن

5 مئی 2008ء

صبح ساڑھے پانچ بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے بیت مبارک ابوجہ میں تشریف لاکر نماز فجر پڑھائی۔ نماز کی ادائیگی کے بعد حضور انور اپنی رہائش گاہ پر تشریف لے گئے۔

نیشنل مجلس عاملہ کو ہدایات

پروگرام کے مطابق سوا دس بجے صبح حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز بیت مبارک ابوجہ تشریف لائے جہاں ''نیشنل مجلس عاملہ جماعت نائیجیریا'' کی حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے ساتھ میٹنگ شروع ہوئی۔ حضور انور نے دعا کروائی۔

شعبہ وصایا

حضور انور نے سیکرٹری وصایا سے دریافت فرمایا کہ گزشتہ تین سالوں میں کل کتنے موصی ہوئے ہیں۔ سیکرٹری وصایا نے بتایا کہ دو ہزار سے زائد ہیں۔ حضور انور کے دریافت کرنے پر بتایا گیا کہ کل چندہ دہندگان 22 ہزار سے زائد ہیں اور گیارہ ہزار کا ٹارگٹ موصی بنانے کا ہے۔ حضور انور نے ہدایت فرمائی کہ بہت بڑا ٹارگٹ ہے اور وقت ختم ہو رہا ہے۔ آپ بہت پیچھے ہیں۔ سب سیکرٹریان کو ہدایت دیں اور زیادہ کوشش کریں۔ آپ کے تمام سیکرٹریان وصایا موصی ہونے چاہئیں۔ اگر کہیں سیکرٹری وصایا غیر موصی ہے تو اس کی جگہ موصی کو سیکرٹری وصایا مقرر کیا جائے۔ اگر کسی جماعت میں صرف ایک ہی موصی ہے تو اس کو سیکرٹری وصایا ہونا چاہئے۔ جو انسان خود موصی نہیں وہ دوسرے کو کس طرح کہہ سکتا ہے کہ وصیت کرے۔

شعبہ جائیداد

سیکرٹری جائیداد سے حضور انور نے دریافت فرمایا کہ کیا آپ کے پاس جماعت کی تمام جائیداد کا ریکارڈ مکمل ہے۔ سیکرٹری جائیداد نے بتایا کہ مکمل نہیں ہے۔ لیکن مکمل کر رہا ہوں۔ حضور انور نے فرمایا آپ سے قبل جو سیکرٹری جائیداد تھے کیا انہوں نے ریکارڈ مکمل نہیں رکھا۔ اب آپ نے کتنا مکمل کیا ہے۔ کیا کر رہے ہیں۔ حضور انور نے ہدایت فرمائی کہ اب چھ ماہ کے اندر اپنا سارا ریکارڈ مکمل کریں۔ جماعتوں میں اپنے سیکرٹریان کو ہدایت کریں اور ان سے ریکارڈ مکمل کروائیں اور پھر ان سے ریکارڈ منگوائیں۔ آپ کے پاس سارے ملک کی جماعتوں میں جماعتی پراپرٹیز کا ریکارڈ ہونا چاہئے۔

شعبہ امور عامہ

نیشنل سیکرٹری امور عامہ سے حضور انور نے دریافت فرمایا کہ امور عامہ کا کیا کام ہے، کیا آپ نے قواعد تحریک جدید سے اپنی ذمہ داریوں کے بارہ میں پڑھا ہے۔ حضور انور نے دریافت فرمایا آپ کے ذریعہ کتنے احمدیوں نے ملازمت حاصل کی ہے یا ان کی مدد کی گئی ہے۔ آپ کے پاس کیا ریکارڈ ہے۔ فرمایا طلباء کی مدد کریں احباب کی ملازمتوں میں مدد کریں۔ حضور انور نے دریافت فرمایا جماعت کے اندر جو عائلی مسائل، جھگڑے ہوتے ہیں ان کا کیا کرتے ہیں۔ کس طرح حل کرتے ہیں۔

شعبہ تربیت

حضور انور نے نیشنل سیکرٹری تربیت سے فرمایا کہ نیشنل لیول پر اور لوکل لیول پر اصلاحی کمیٹیاں بنائیں۔ اگر کوئی تربیتی کمیٹی قائم ہے تو کیا کام کرتی ہے۔ باقاعدہ اصلاحی کمیٹیاں بنائیں۔ سیکرٹری تربیت خود کمیٹی کا صدر ہوتا ہے اور اس کے ممبران میں مربی انچارج، صدر انصار، صدر خدام، لجنہ کا نمائندہ اور جماعت کا ایک ممبر (جو اس کام کے لئے موزوں ہو) شامل ہیں فرمایا یہ کمیٹیاں ہر جگہ بنائیں آپ بہت سے معاملے حل کر سکتے ہیں۔

شعبہ رشتہ ناطہ

نیشنل سیکرٹری رشتہ ناطہ سے حضور انور نے دریافت فرمایا کہ کتنے رشتے کروائے ہیں۔ کتنے سیٹل ہوئے ہیں۔ جلسہ پر جو 34 نکاح ہوئے ہیں ان میں سے کتنے رشتے آپ کے شعبہ نے کروائے ہیں یا سب احباب نے بغیر آپ کی مدد کے کئے ہیں، تو آپ اس سلسلہ میں کیا کر رہے ہیں۔ حضور انور نے فرمایا آپ بھی رشتے تجویز کریں اور اس سلسلہ میں کوشش کریں۔

حضور انور نے صدر صاحب خدام الاحمدیہ کو مخاطب ہوتے ہوئے فرمایا کہ جو خدام ڈیوٹی دے رہے ہیں ان میں سے بعض بڑی عمر کے 35,34 سال کے ہیں اور ان کی ابھی شادی نہیں ہوئی۔ ان کی شادی کروائیں۔

حضور انور نے سیکرٹری صاحب رشتہ ناطہ کو فرمایا کہ آپ کا عہدہ ایک اہم عہدہ ہے صدر خدام الاحمدیہ کے ذریعہ نوجوانوں کی لسٹ تیار کریں اور پھر لجنہ کی مدد سے ان کے رشتے دیکھیں اور ان کے جوڑے بنائیں۔

نائب امیر نائیجیریا الحاجی الحسن صاحب سے حضور انور نے دریافت فرمایا کہ آپ کے سپرد کیا کام ہے۔ الحسن صاحب نے بتایا کہ امیر صاحب جو بھی خاص کام سپرد کرتے ہیں اس کو بجالاتا ہوں۔

شعبہ اشاعت

نیشنل سیکرٹری اشاعت سے حضور انور نے دریافت فرمایا کہ جماعت کا ماہانہ رسالہ نکل رہا ہے۔ سیکرٹری اشاعت نے بتایا کہ "The Truth" ہر ماہ شائع ہوتا ہے اور رسالہ "Review of Religions" ہمیں لندن مرکز سے آتا ہے اور پھر ہم آگے یہاں شائع کرتے ہیں۔

حضور انور نے صدر صاحب مجلس انصاراللہ نائیجیریا کو مخاطب ہوتے ہوئے فرمایا کہ انصاراللہ بھی تربیتی امور اور رشتہ ناطہ کے معاملات میں خدام اور لجنہ کی مدد کریں۔ صف دوم کے انصار اگر دوسری شادی کرنا چاہتے ہیں تو کر سکتے ہیں۔ لیکن پھر یہ نہ ہو کہ شادی کریں اور پھر اپنی بیوی کو کہیں کہ میرے لئے کما کر رقم بھی لاؤ۔

شعبہ مال

نیشنل سیکرٹری مال سے حضور انور نے دریافت فرمایا کہ آپ کا بجٹ کتنا ہے۔ چندہ عام ادا کرنے والے کتنے ہیں۔ موصی تو الگ ادا کرتے ہیں۔ آپ کا چندہ وصیت کتنا ہے اور چندہ عام کتنا ہے۔ سیکرٹری مال نے بتایا کہ چندہ عام ادا کرنے والوں کی تعداد 19 ہزار ہے اور چندہ عام 38 ملین نائرے ہے۔ اس پر حضور انور نے فرمایا اس کا مطلب ہے کہ ہر آدمی 160 نائرے ماہانہ ادا کر رہا ہے۔ اس لحاظ سے اس کی ماہانہ آمدنی قریباً اڑھائی ہزار نائرے بنتی ہے۔ اگر ایک عام مزدور کو بھی لیں تو اس کی بھی تنخواہ کم از کم ساڑھے سات ہزار نائرے ہے۔

حضور انور نے فرمایا آپ کا بجٹ بہت بڑھ سکتا ہے۔ آپ کا بجٹ حقائق پر مبنی نہیں ہے۔ اس طرف توجہ دیں اور اپنا بجٹ بڑھائیں اور چندہ کا معیار بڑھائیں۔

حضور انور نے فرمایا آپ کے چندہ دینے والوں میں کتنے کسان ہیں۔ اگر آپ نے گاؤں کے لوگوں کو چندہ میں شامل نہیں کیا اور صرف شہروں کی جماعتوں سے چندہ وصول کر رہے ہیں تب بھی آپ کے چندہ میں اور بجٹ بڑھانے میں بہت گنجائش ہے۔ حضور انور نے فرمایا ایک ہزار نائرہ فی چندہ دہندا اضافہ ہو سکتا ہے۔

حضور انور کو بتایا گیا کہ موصیان کا بجٹ 34 ملین نائرہ ہے اور یہ دو ہزار موصیان کا بجٹ ہے۔ حضور انور نے فرمایا موصیان میں طلباء بھی ہوں گے اور گھریلو خواتین بھی ہوں گی اس کے باوجود فی موصی 17 ہزار نائرے سالانہ ہے اور چودہ صد نائرے سے زائد ماہانہ ہے۔ اس کا مطلب ہے اس کی ماہانہ تنخواہ چودہ ہزار نائرے ہے۔ حضور انور نے فرمایا جو شخص کسی وجہ سے باشرح چندہ ادا نہیں کر سکتا وہ باقاعدہ اجازت لے۔

حضور انور نے فرمایا کہ سیکرٹری تربیت، صدر خدام الاحمدیہ، صدر انصاراللہ اور صدر لجنہ اماء اللہ مل کر کوشش کریں اور تربیت کریں کہ اگر خدا تعالیٰ کی خاطر قربانی کریں گے تو خدا تعالیٰ آپ کو برکتوں سے نوازے گا اور ان کی تکلیفیں دور ہوں گی۔

حضور انور نے فرمایا ہر مربی اور معلم آٹھواں خطبہ مالی قربانی پر دے۔

تحریک جدید و وقف جدید

سیکرٹری تحریک جدید اور سیکرٹری وقف جدید کو حضور انور نے فرمایا کہ آپ کو نومبائعین کو چندہ کے نظام میں شامل کرنے کے لئے خاص کوشش کرنی چاہئے۔ اگر نئے احمدی دو نائرے بھی دیں تو آپ کے چندہ کی انکم ایک ملین نائرا تک جا سکتی ہے۔ حضور انور نے فرمایا جماعت غرباء کی مدد کرتی ہے لیکن نومبائعین کو کچھ نہ کچھ تو دینا چاہئے۔ حضور انور نے فرمایا کہ زکوٰۃ دینی ضروری ہے۔ قرآن کریم میں نماز کے ساتھ مالی قربانی کا ذکر ہے۔ سورۃ بقرہ کے آغاز میں ہی نماز کے ساتھ مالی قربانی کا ذکر کیا گیا ہے۔ فرمایا اپنے چندہ کے نظام کو بہتر بنائیں۔ پلاننگ کریں اور منصوبہ بندی کریں۔

شعبہ صنعت و تجارت

سیکرٹری صنعت و تجارت کو حضور انور نے مخاطب ہوتے ہوئے فرمایا کہ جن لوگوں کے پاس ملازمت نہیں ہے، کام نہیں ہے۔ ان کو کہیں کہ کام کریں۔ فارمنگ کریں۔ فرمایا ایسے لوگوں کو جو ضرورت مند ہوں زراعت کروائیں۔ تنزانیہ میں یہ کام ہم نے شروع کر دیا ہے وہاں تجربہ کیا ہے۔ اگر ارادے مصمم ہوں تو پھر ضرور کام ہوں گے۔ حضور انور نے فرمایا کہ اس ملک کا تاثر بڑے ملکوں والا ہے مگر حقیقت میں حالت ایشیا کے غریب ملک والی ہے۔

جب تجربہ کرنا ہے تو ان لوگوں کو رقم کی بجائے بیج اور Fertilizer دیں۔ 100 احباب کا انتخاب کریں اور وہ یہ کام شروع کریں۔ اگر پیداوار اچھی ہو تو پھر اس کو مزید بڑھایا بھی جا سکتا ہے۔ فرمایا ایک تجرباتی فیلڈ لے لیں اور پھر دیکھیں کیا ہوتا ہے۔

بینکنگ کے متعلق ایک سوال کے جواب میں حضور انور نے فرمایا کہ احمدی اپنے آپ کو اس نظام سے علیحدہ نہیں رکھ سکتے۔ لیکن جس کاروبار میں سود کا

عنصر ہو ہمیں اس سے احتراز کرنا چاہئے۔

تعلیم القرآن و وقف عارضی

سیکرٹری تعلیم القرآن اور وقف عارضی سے حضور انور نے دریافت فرمایا کہ کتنے احباب نے وقف عارضی کی ہے۔ سیکرٹری صاحب نے بتایا تیس سے زائد احباب نے اس سکیم میں حصہ لیا ہے۔

حضور انور نے فرمایا کہ جو نئے احمدی ہیں ان کی تعلیمی کلاسز لگائیں۔ ان کی تعلیم و تربیت کا انتظام کریں۔

نیشنل سیکرٹری سمعی و بصری سے حضور انور نے دریافت فرمایا کہ جلسہ سالانہ میں آپ نے کیا رول ادا کیا ہے۔ کیا کام کیا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ جلسہ کی ریکارڈنگ کی ہے۔

دعوت الی اللہ

نیشنل سیکرٹری دعوت الی اللہ سے حضور انور نے دریافت فرمایا آپ کا دعوت الی اللہ کا پروگرام کیا ہے، اس سال آپ اب تک کتنی بیعتیں کروا چکے ہیں۔ حضور انور نے فرمایا نومبائعین کو سنبھالنے کے لئے سیکرٹری تربیت برائے نومبائعین مقرر کریں۔ فرمایا کمیٹی بنائیں جو نومبائعین کو سنبھالے اور ان کی تربیت کا کام کرے۔ حضور انور نے فرمایا جو گزشتہ دس پندرہ سال کے نئے احمدی ہیں ان میں سے ستر فیصد آپ نے جماعت کے نظام میں شامل کرنے تھے۔

حضور انور نے فرمایا ہر مربی سلسلہ کو دس معلمین دیں۔ گاڑی اور موٹر سائیکل دیں اور وہ اپنے سپرد علاقہ کا دورہ کریں اور ہر جگہ، ہر جماعت، گاؤں میں جائیں اور اپنے رابطے قائم کریں اور نئے آنے والوں کو نظام میں شامل کریں اور ان کی تعلیم و تربیت کا انتظام کریں۔

حضور انور نے میدان عمل اور جامعہ احمدیہ الارو (Ilaro) نائیجیریا میں مربیان کے تقرر اور مربیان اور معلمین کو ٹرانسپورٹ اور موٹر سائیکل وغیرہ مہیا کرنے کے تعلق میں انتظامی ہدایات بھی دیں۔

حضور انور نے ہدایت فرمائی کہ سال کا جو عرصہ باقی رہ گیا ہے اس میں نومبائعین کی ٹریننگ کا علیحدہ بجٹ بنائیں اور مجھے بتائیں۔ حضور انور نے فرمایا کہ جو بھی دعوت الی اللہ اور تربیت اور ٹریننگ کا بجٹ ہو۔ ہر مربی سلسلہ کو اس کا علم ہو کہ اس کے علاقہ کے لئے سال کا یہ بجٹ ہے اور اس کے اندر رہنا ہے۔ یہ بجٹ ہر مربی سلسلہ کو مہیا ہو تا کہ کام میں کہیں بھی روک نہ آئے۔

ایک سوال کے جواب میں کہ کسی موصی کے تقویٰ کا معیار بہت اونچا ہے لیکن اس نے مالی قربانی نہیں کی تو کیا ایسا موصی بہشتی مقبرہ میں دفن ہوسکتا ہے۔ حضور انور نے فرمایا کہ ایسے موصی کے بارہ میں ربوہ سے مجلس کارپرداز اپنا جائزہ لے کر رپورٹ خلیفہ وقت کو بھیجتی ہے کہ یہ وصیت بغیر مالی قربانی کے ہے۔ تو اس وصیت کو قبول کرنے یا نہ کرنے کا فیصلہ خلیفہ وقت کرتا ہے۔

حضور انور نے نومبائعین کے علاقوں میں بیوت الذکر تعمیر کرنے کی طرف توجہ دلائی اور مختلف علاقوں میں بیوت الذکر کی تعمیر کے تعلق میں ہدایات دیں اور فرمایا امیر صاحب اور مربی انچارج معلمین کے ریفریشر کورس کا بھی پروگرام بنائیں۔ جو کم از کم دو ہفتہ کا ہو۔

شعبہ وقف نو

سیکرٹری صاحب وقف نو کو ہدایت دیتے ہوئے حضور انور نے فرمایا کہ آپ کے پاس تمام واقفین نو بچوں کا مکمل ریکارڈ موجود ہونا چاہئے۔ پندرہ سال سے زائد عمر کے بچوں کے تعلیمی معیار کا بھی ریکارڈ ہونا چاہئے جن کا تعلیمی معیار اچھا ہے ان کی مزید راہنمائی کی جائے۔ اگر یونیورسٹی میں ان کو مدد کی ضرورت ہو تو مدد دی جائے۔

نیشنل مجلس عاملہ نائیجیریا کی حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے ساتھ یہ میٹنگ بارہ بجکر پانچ منٹ تک جاری رہی۔ میٹنگ کے آخر پر عاملہ کے تمام ممبران نے حضور انور سے شرف مصافحہ حاصل کیا اور حضور انور کے ساتھ تصویر بنوانے کی سعادت حاصل کی۔

مربیان سلسلہ کو ہدایات

اس کے بعد پروگرام کے مطابق بارہ بجکر دس منٹ پر مربیان کرام نائیجیریا کی حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے ساتھ میٹنگ شروع ہوئی۔ حضور انور نے دعا کروائی۔ حضور انور نے دریافت فرمایا کتنے مربیان فیلڈ میں ہیں اور ان کو کیا پروگرام دیا ہوا ہے۔

حضور انور نے تربیت کے حوالہ سے فرمایا کہ نائیجیریا بہت بڑا ملک ہے تربیت کے لئے ہر علاقے میں ایک سنٹر ہونا چاہئے۔ وہاں لوگ آئیں، رہیں، قیام کریں اور ٹریننگ حاصل کریں۔ حضور انور کو بتایا گیا کہ دو دو تین تین سرکٹ کو ملا کر تربیتی کلاس کا انعقاد کیا جاتا ہے۔

حضور انور نے فرمایا ایک مرکزی کلاس ہونی چاہئے جس میں امام آئیں اور قیام کریں۔ تربیت نومبائعین کے لئے دو مختلف سنٹر ہونے چاہئیں ایک ملک کے شمال میں اور دوسرا جنوب میں۔ جہاں باقاعدہ مرکزی سطح پر کلاس ہو اور تربیت حاصل کرنے والوں کی رہائش کا انتظام بھی ہو۔

حضور انور نے فرمایا ان تربیتی کورسز میں عبادات، مالی قربانی، دعوت الی اللہ و تربیت، نظام جماعت، ایمانداری، محنت، قرآنی تعلیم کے مطابق عمل، بنیادی اخلاق، اطاعت نظام اور بدرسومات کو ختم کرنے کے بارہ میں بتایا جائے۔

حضور انور نے فرمایا کہ رسومات کو بتدریج مٹایا جائے اور شدت اختیار نہ کی جائے۔ اسی طرح شادی سے قبل تعلقات اس کے بارہ میں بتانے کی ضرورت ہے اور شروع سے ہی سمجھانے کی ضرورت ہے۔ حضور انور نے فرمایا کہ اگر آپ سب چیزیں اور ان سب امور کے بارہ میں قرآن کریم کی تعلیم کے مطابق سمجھائیں گے تو سمجھ آجاتی ہے۔

حضور انور نے فرمایا ریفریشر کورسز میں صرف دعوت الی اللہ کے لئے دلائل سمجھا دیتے ہیں۔ ٹھیک ہے ان کو دلائل، عقائد سکھائیں لیکن بنیادی تربیت بھی دیں، اخلاق سمجھائیں، نظام جماعت اور اطاعت نظام سمجھائیں۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی خدمت میں Maidugri کے علاقہ کے بارہ میں رپورٹ پیش کی گئی کہ اس علاقہ میں نومبائعین کی ایک بڑی تعداد ہے اور یہاں عیسائیت نے پرائمری سکول کھول رکھے ہیں۔ حضور انور نے فرمایا آپ بھی کھول لیں۔ پرائمری سکول کا جائزہ لے کر مجھے بتائیں۔ آغاز میں دو دو کمروں کے سکول کھول لیں۔ کتنا بڑا علاقہ ہے، سارا جائزہ لیں اور مجھے بتائیں۔ پانی کے لئے بورہول (Bore Hole) کا جائزہ لیں۔

حضور انور نے ہدایت فرمائی کہ بینن (Benin) میں جو رشید صاحب بورہول کا کام کر رہے ہیں ان کو یہاں بھجوائیں وہ اس علاقہ میں بھی اور بعض اور دوسرے مقامات پر بھی جائزہ لیں جہاں پانی مہیا کرنے کا پروگرام ہے اور پانی کے مسائل ہیں فرمایا سارا جائزہ لے کر مجھے رپورٹ بھجوائیں۔

حضور انور نے ہدایت فرمائی کہ ایسے علاقے جہاں لوگ عیسائیت کی طرف راغب ہو رہے ہیں کیونکہ وہ سکول وغیرہ کی سہولیات دیتے ہیں تو آپ ان علاقوں میں عارضی بیوت بنادیں اور پرائمری سکول قائم کریں۔ ایسے علاقوں کے لئے جہاں عام گاڑی نہیں جاسکتی۔ فورویل ڈرائیور رکھ لیں۔ جو ٹیمیں کام کر رہی ہیں ان کو فنڈز مہیا کریں۔ موٹر سائیکل دیں، سائیکل دیں۔ ہر مربی کو ٹیم مہیا کریں اور پھر باقاعدہ منصوبہ بندی سے کام شروع کریں۔

الورین سٹیٹ (Ilorin) کے علاقہ میں جہاں نومبائعین کی بڑی تعداد ہے۔ حضور انور نے ایک بڑی بیت تعمیر کرنے کی ہدایت فرمائی اور فرمایا پانی کے لئے بھی بورہول کا جائزہ لیں۔ رشید صاحب آئیں گے تو وہ جائزہ لیں۔

حضور انور نے ہدایت فرمائی کہ جامعہ نائیجیریا کے لئے جو نئے مربیان آئے ہیں ان کو دو دو سال کے لئے میدان عمل میں بھجوادیں تا کہ ان کی اچھی ٹریننگ ہو جائے۔ حضور انور نے فرمایا کہ مربیان ہمیشہ یاد رکھیں کہ ان کا عمل نمونہ بنتا ہے۔ ان کی بات چیت، آپس میں گفتگو کا معیار اچھا ہونا چاہئے۔ اخلاق اور اطاعت کا معیار بہت اعلیٰ ہونا چاہئے۔ جن کے بیوی بچے ساتھ ہیں وہ اپنی بیویوں کو بتائیں کہ وہ بھی وقف ہوتی ہیں اور قربانی دینی پڑتی ہے۔

حضور انور نے فرمایا جن مربیان کے بچے بڑے ہو رہے ہیں ان کو ایسے علاقوں میں ایڈجسٹ کریں جہاں تعلیم کی سہولتیں ہیں اور نئے مربیان کو ان کی جگہ بھجوادیں۔

حضور انور نے ہدایت فرمائی کہ معلمین آپ کے ماتحت ہیں، ان کو اپنے ساتھ لے کر چلیں۔ خود اپنے کام کے جائزے لیں اور روزانہ کی ڈائری لکھیں۔ صبح اٹھنے سے لے کر رات سونے تک اپنی ہر بات لکھیں۔ آپ کو پتہ چل جائے گا کہ آپ کی کیا پراگرس ہے اور کیا خامیاں رہ گئی ہیں۔

حضور انور نے ہدایت فرمائی کہ ہر مربی سلسلہ کو اس کا بجٹ دیں اور وہ اپنے بجٹ کے اندر رہتے ہوئے کام کرے۔ اس طرح مربیان کو بروقت اخراجات مہیا ہوں گے اور بلوں کی ادائیگی میں غیر معمولی تاخیر نہیں ہوگی۔

حضور انور نے ہدایت فرمائی کہ تمام مربیان اپنی سالانہ Maintenance کا بجٹ اپنے مربی انچارج کے ذریعہ امیر صاحب کو بھجوائیں اور پھر اس بجٹ کے اندر رہیں۔ ٹرانسپورٹ، دعوت الی اللہ اور تربیت کا بجٹ ختم ہو تو مزید دیا جاسکتا ہے۔ ہر مربی کو پتہ ہونا چاہئے کہ اس کا سالانہ ٹرانسپورٹ، دعوت الی اللہ اور تربیت کا یہ بجٹ ہے اور اس بجٹ کے مطابق اخراجات مہیا ہوں۔

اصلاحی کمیٹی کے بارہ میں حضور انور نے ہدایت فرمائی کہ یہ نہیں کہ معاملہ اٹھے تو پھر دیکھیں۔ معاملہ سے پہلے حالات پر نظر ہونی چاہئے اور پتہ ہونا چاہئے کہ یہاں سے یہ مسئلہ پیدا ہوسکتا ہے۔ حضور انور نے فرمایا جو عہدیدار بددیانتی کرتے ہیں ان کو عہدوں سے فارغ کریں۔ ان سے کوئی خدمت نہیں لینی، مربی سلسلہ کا کام ہے کہ ان کی اصلاح کریں۔ اس کو دینی تعلیم بتائیں اور اس کی تربیت کریں۔ معاملہ کے حد سے نکلنے سے پہلے اس کی اصلاح کرنا ضروری ہے۔

حضور انور نے ہدایت فرمائی کہ اپنی جماعتوں کے سیکرٹریان مال کو ہدایت دیں کہ جو بھی رقم جمع ہو وہ ہفتہ کے بعد بینک میں فوراً جمع کروائیں اور اس میں تاخیر نہ ہو۔

لائبریری کے قیام کے بارہ میں حضور انور نے ہدایت فرمائی کہ ہر جماعت میں لائبریری قائم کریں اور اس میں بنیادی کتاب ہونی چاہئیں۔ لندن میں جو کتب شائع ہوئی ہیں وہاں سے منگوائیں اور ابوجہ ہیڈ کوارٹر میں بھی اپنی لائبریری بنائیں۔ آہستہ آہستہ سارے سنٹرز میں لائبریری کا قیام ہو۔

آخر پر حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا اپنے کام کے لئے دعاؤں پر بہت زور دیں۔

مربیان کرام کی حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کے ساتھ یہ میٹنگ ڈیڑھ بجے تک جاری رہی۔ میٹنگ کے بعد تمام مربیان نے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کے ساتھ گروپ فوٹو بنوانے کی سعادت حاصل کی۔

معلمین کو ہدایات

مربیان کی میٹنگ کے بعد ایک بجکر چالیس منٹ پر معلمین کرام کی حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے ساتھ میٹنگ شروع ہوئی۔ حضور انور نے دعا کروائی۔

حضور انور نے معلمین سے مخاطب ہوتے ہوئے فرمایا امید ہے آپ اپنی ڈیوٹی ایمانداری کے ساتھ ادا کر رہے ہوں گے۔ حضور انور نے فرمایا آپ میں سے

نارتھ کے ایریا کے کون سے ہیں اور وہاں کے رہنے والے کون سے ہیں۔

حضور انور نے فرمایا ساؤتھ اور نارتھ کے تین معلمین نمائندگی کرتے ہوئے کوئی بات کرنا چاہتے ہیں تو کریں۔کوئی سوال کرنا ہے تو کریں۔

باؤچی سٹیٹ کے ایک معلم سے حضور انور نے دریافت فرمایا کہ آپ کے سپرد کتنا علاقہ ہے۔اس معلم نے بتایا کہ میرے سپرد ساٹھ گاؤں ہیں۔

ایک معلم نے بتایا کہ نارتھ کے جس علاقہ میں میں کام کر رہا ہوں وہاں نو ہزار احباب پر مشتمل نومبائعین کی جماعت ہے۔ان سے ہم چندہ بھی لے رہے ہیں۔ایک معلم کے الاؤنس اور بچوں کے تعلیمی الاؤنس کے تعلق میں سوال کے جواب پر حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ ہم اس معاملہ پر غور کر رہے ہیں اور یہ معاملہ زیر کارروائی ہے۔

حضور انور نے معلمین کے علاج، طبی سہولیات کے بارہ میں فرمایا کہ امیر صاحب اور مربی انچارج صاحب اس کو دیکھیں اور جو بھی بل صحیح ہیں اور ادا ہونے والے ہیں ان کی جلد ادائیگی کے بارہ میں کوئی حل تلاش کریں۔

حضور انور نے ہدایت فرمائی کہ جماعت نائیجیریا جو کتابیں بھی شائع کرتی ہے اس کی ایک ایک کاپی ہر معلم کے سنٹر میں ہونی چاہئے۔اسی طرح ماہانہ رسالہ Review of Religions اور The Truth کی کاپی بھی ہر معلم کے سنٹر میں مہیا کی جائے۔

حضور انور نے فرمایا جو جماعتیں معلمین کی ڈیمانڈ کرتی ہیں وہ ان کی رہائشی ضروریات بھی پوری کریں کسی جماعت کے مطالبہ پر اگر معلم کو وہاں بھجوایا جا رہا ہے تو اس جماعت کو لکھیں کہ معلم کو رکھنے کے لئے تیاری بھی کرو۔

ایک معلم نے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کی خدمت میں درخواست کی کہ حضور ہماری جماعت اور علاقے میں بھی تشریف لائیں۔حضور انور نے فرمایا جب آپ کے علاقہ میں پچاس ہزار احمدی ہو جائیں گے تو پھر آؤں گا۔

حضور انور نے فرمایا کہ جو معلم اس وقت کالج یونیورسٹی میں پڑھ رہے ہیں ان کو کس طرح سیٹل کرنا ہے یہ اپنی Choice کے ساتھ فیلڈ میں نہیں جاسکتے۔ایک معلم کے سوال پر کہ معلمین کو میڈیکل کورسز کروائے جائیں تا کہ ہسپتالوں کی ضرورت پوری ہو سکے۔حضور انور نے فرمایا کہ میں نے یہ ذمہ داری واقفین نو کو دی ہے۔

معلمین کی حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کے ساتھ یہ میٹنگ دو بجکر چالیس منٹ پر ختم ہوئی۔اس کے بعد تمام معلمین نے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ سے شرف مصافحہ حاصل کیا اور مختلف گروپس کی صورت میں حضور انور کے ساتھ تصاویر بنوائیں۔

تین بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے بیت مبارک ابوجہ میں ظہر و عصر کی نمازیں جمع کر کے پڑھائیں۔نمازوں کی ادائیگی کے بعد حضور انور اپنی رہائش گاہ پر تشریف لے گئے۔

انفرادی و فیملی ملاقاتیں

ساڑھے پانچ بجے حضور انور اپنے دفتر تشریف لائے اور پروگرام کے مطابق انفرادی و فیملیز ملاقاتیں شروع ہوئیں۔چودہ فیملیز کی ملاقاتوں کے علاوہ زاریہ اور کاڈونا کی جماعتوں کے خدام نے حضور انور سے ملاقات کی سعادت حاصل کی۔ڈیوٹی دینے والے خدام نے بھی حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ سے ملاقات کا شرف پایا۔حضور انور نے سبھی کو شرف مصافحہ سے نوازا اور خدام نے اپنے پیارے آقا کے ساتھ تصاویر بھی بنوائیں۔

ملاقاتوں کا یہ پروگرام سوا سات بجے تک جاری رہا۔

الوداعی عشائیہ

آج نائیجیریا میں قیام کا آخری دن تھا۔جماعت نائیجیریا نے بیت مبارک سے ملحقہ احاطہ میں حضور انور کے اعزاز میں ایک الوداعی تقریب عشائیہ کا اہتمام کیا تھا۔ساڑھے سات بجے حضور انور ایدہ اللہ اس تقریب میں شرکت کے لئے تشریف لائے۔تلاوت قرآن کریم کے بعد امیر صاحب نائیجیریا نے اپنے مختصر ایڈریس میں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کی نائیجیریا آمد کو جماعت نائیجیریا کے لئے اور ملک کے لئے باعث خیر و برکت اور تاریخ ساز قرار دیا اور ساری جماعت کی طرف سے دل کی گہرائیوں سے شکریہ ادا کیا۔بعد ازاں حضور انور نے دعا کروائی۔سوا آٹھ بجے یہ تقریب اپنے اختتام کو پہنچی اور حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ اپنی رہائش گاہ پر تشریف لے گئے۔

ساڑھے آٹھ بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے بیت مبارک تشریف لا کر مغرب و عشاء کی نمازیں جمع کر کے پڑھائیں۔

نمازوں کی ادائیگی کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے محترمہ طاہرہ صدیقی صاحبہ کی نماز جنازہ غائب پڑھائی۔مرحومہ ڈاکٹر محبوب احمد صاحب انچارج احمدیہ ہسپتال نیو بصہ کی خوشدامنہ تھیں اور یکم مئی 2008ء کو کراچی میں ان کی وفات ہوئی تھی۔نماز جنازہ کی ادائیگی کے بعد حضور انور نے احباب جماعت سے مخاطب ہوتے ہوئے فرمایا میں کامیاب دورہ کے بعد کل واپس جا رہا ہوں۔آپ سب لوگوں کے تعاون کا بہت شکریہ! آپ لوگ جو اپنے گھروں کو واپس جا رہے ہیں اپنے سفر کے لئے بھی دعا کریں اور میرے سفر کے لئے بھی دعا کریں۔اللہ تعالیٰ آپ سب کو خیریت سے لے جائے اور آپ کا حافظ و ناصر ہو۔

بعد ازاں حضور انور اپنی رہائش گاہ پر تشریف لے آئے۔

6 مئی 2008ء

نائیجیریا سے لندن کے لئے روانگی

صبح ساڑھے پانچ بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے بیت مبارک تشریف لا کر نماز فجر پڑھائی۔نماز کی ادائیگی کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ اپنی رہائش گاہ پر تشریف لے گئے۔

صبح ساڑھے چھ بجے حضور انور اپنی رہائش گاہ سے باہر تشریف لائے اور اجتماعی دعا کروائی۔احباب جماعت نے پُر سوز دعاؤں کے ساتھ اپنے پیارے آقا کو الوداع کہا۔حضور انور نے اپنا ہاتھ بلند کر کے سب کو السلام علیکم کہا اور ابوجہ کے انٹرنیشنل ایئرپورٹ کے لئے روانہ ہوئے۔

سوا سات بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز ایئرپورٹ پہنچے جہاں احباب جماعت حضور انور کو الوداع کہنے کے لئے جمع تھے۔احباب نے نعرے بلند کئے۔خدام الاحمدیہ نے مارچ پاسٹ کیا اور سفر کے لئے عربی زبان کی دعائیں پڑھیں اور حضور انور کی خدمت میں گارڈ آف آنر پیش کیا۔حضور انور نے گارڈ آف آنر کا معائنہ فرمایا۔

بعد ازاں حضور انور نے دعا کروائی اور ایئرپورٹ کے اندر تشریف لے آئے۔حضور انور کی آمد سے قبل سامان کی بکنگ اور امیگریشن کی کارروائی مکمل کی جا چکی تھی۔حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز VIP لاؤنج میں تشریف لے گئے۔ابوجہ ایئرپورٹ پر برٹش ایئرویز کے متعین آفیسر حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ سے ملنے کے لئے VIP لاؤنج میں آئے۔حضور انور نے ان کے تعاون کا شکریہ ادا کیا اور انہیں شرف مصافحہ سے نوازا۔

امیر صاحب نائیجیریا، مربی انچارج صاحب نائیجیریا اور دیگر جماعتی عہدیداران بھی VIP لاؤنج میں موجود رہے اور حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کو جہاز کے دروازہ تک چھوڑنے آئے۔سوا آٹھ بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ جہاز پر سوار ہوئے برٹش ایئرویز کی فلائٹ BA082 انٹرنیشنل ایئرپورٹ ابوجہ سے اپنے وقت کے مطابق صبح ساڑھے آٹھ بجے لندن کے لئے روانہ ہوئی اور لندن (یو۔کے) کے مقامی وقت کے مطابق دوپہر دو بجکر چالیس منٹ پر ہیتھرو ایئرپورٹ پر اتری۔جہاز کے دروازہ پر برٹش ایئرویز کی ایک سینئر سٹاف ممبر نے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ اور حضرت بیگم صاحبہ مدظلہا کو Receive کیا اور امیگریشن کی کارروائی اور سامان کے حصول کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کو ایئرپورٹ کے باہر تک چھوڑنے آئی۔تین بجکر پچیس منٹ پر حضور انور ایئرپورٹ سے باہر تشریف لائے جہاں امیر صاحب یو۔کے، مربی انچارج صاحب یو۔کے، مرکزی وکلاء و افسران شعبہ جات، ذیلی تنظیموں کے صدران اور دیگر جماعتی عہدیداران نے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کو خوش آمدید کہا۔حضور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے استقبال کے لئے آنے والے احباب کو شرف مصافحہ بخشا۔جس کے بعد ایئرپورٹ سے بیت فضل لندن کے لئے روانگی ہوئی۔

بیت فضل لندن اور اس کے احاطہ کو خوبصورت جھنڈیوں سے سجایا گیا تھا اور بیت پر چراغاں کیا گیا تھا۔ساڑھے چار بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز بیت فضل لندن پہنچے جہاں احباب جماعت کی ایک بڑی تعداد نے اپنے پیارے آقا کو خوش آمدید کہا۔حضور انور کی آمد پر بچوں اور بچیوں نے استقبالیہ نغمات پڑھے اور اپنے آقا کو خوش آمدید کہا۔حضور انور خواتین اور بچیوں کے پاس تشریف لے گئے اور اپنا ہاتھ بلند کر کے سب کو السلام علیکم کہا۔دوسری طرف مرد احباب کھڑے تھے۔ہر طرف سے السلام علیکم کی آوازیں آ رہی تھیں۔حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز ان احباب کے پاس سے گزرتے ہوئے اپنا ہاتھ بلند کر کے ان کے سلام کا جواب دے رہے تھے۔

یہ استقبالیہ تقریب MTA پر Live نشر کی گئی۔

بعد ازاں حضور انور اپنی رہائش گاہ پر تشریف لے گئے۔

ساڑھے پانچ بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے بیت فضل لندن تشریف لا کر نماز عصر پڑھائی۔نماز کی ادائیگی کے بعد حضور انور اپنی رہائش گاہ پر تشریف لے گئے۔بیت فضل، محمود ہال، نصرت ہال اور بیت کا بیرونی صحن نمازیوں سے بھرے ہوئے تھے۔حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے دورہ افریقہ سے انتہائی کامیاب و کامران مراجعت پر یہاں بیت فضل لندن میں عید کا سماں تھا۔ہر کوئی خوشی و مسرت سے معمور تھا۔احباب ایک دوسرے کو گلے لگا کر مبارکباد دیتے تھے۔احباب کی قلبی کیفیات پر حضرت نواب مبارکہ بیگم صاحبہ کے یہ اشعار صادق آ رہے تھے۔

صد مبارک آ رہے ہیں آج وہ
روز و شب بے چین تھے جن کے لئے
آ گیا آخر خدا کے فضل سے
دن گنا کرتے تھے جس دن کے لئے

افریقہ کے اس تاریخی سفر میں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے ساتھ حضرت بیگم صاحبہ مدظلہا کے علاوہ درج ذیل ممبران کو قافلہ میں شمولیت کی سعادت نصیب ہوئی۔

مکرم منیر احمد جاوید صاحب (پرائیویٹ سیکرٹری)، مکرم بشیر احمد صاحب (دفتر پرائیویٹ سیکرٹری)، مکرم عابد وحید احمد خان صاحب (انچارج شعبہ پریس اینڈ پبلیکیشن)، مکرم محمد احمد ناصر صاحب نائب افسر حفاظت، مکرم ناصر سعید صاحب، محمود احمد خان صاحب، نصر الدین ہمایوں صاحب (ممبران سیکیورٹی سٹاف)، خاکسار عبدالماجد طاہر (ایڈیشنل وکیل التبشیر)، یو کے سے مکرم مرزا حفیظ احمد صاحب، جرمنی سے مکرم محمد عبداللہ صاحب اور حیدرآباد پاکستان سے مکرم چوہدری نسیم احمد صاحب کو بھی قافلہ میں شمولیت کی سعادت عطا ہوئی۔

اس کے علاوہ MTA کی مرکزی ٹیم جو چار

ممبران مکرم منیر عودہ صاحب، خالد کرامت صاحب، مسرور احمد فراز صاحب اور محمد افضل قیوم قریشی صاحب پر مشتمل تھی۔ حضور انور کی اجازت سے دورہ کی Coverage اور Live نشریات کے لئے لندن سے بھجوائی گئی تھی۔ MTA کی اس ٹیم نے موسم کی شدت کے باوجود جس طرح محنت اور کوشش سے دورہ کے سارے پروگراموں کو Coverage دی، اس کا ذکر حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے اپنے خطبہ جمعہ 9 مئی 2008ء میں غانا میں جمعۃ المبارک کا ذکر کرتے ہوئے ان الفاظ میں فرمایا تھا۔

''اور جمعہ پر حاضری کا نظارہ دنیا نے کر ہی لیا ہے۔ آئیوری کوسٹ سے آئے ہوئے ایک دوست نے یہ تبصرہ کیا۔'' ...... کے بعد اتنا بڑا مجمع میں نے پہلی دفعہ دیکھا ہے''۔ جب میں خطبہ کے دوران ان لوگوں کو دیکھتا تھا تو دل میں خیال آتا تھا کہ پتہ نہیں MTA والے اللہ تعالیٰ کے انعام کو پوری طرح دنیا میں دکھا بھی سک رہے ہیں یا نہیں۔ لیکن الحمدللہ کہ ہمارے MTA کے لڑکوں نے جو یہاں سے ساتھ گئے تھے اپنی مہارت کا خوب اخلاص سے مظاہرہ کیا اور ایک دنیا نے اس کو دیکھا اور ان کا بھی اس میں بڑا حصہ ہے۔ اللہ تعالیٰ ان سب کو بھی جزا دے''۔

ترک سفیر کو نصائح

حضرت مصلح موعود فرماتے ہیں:۔

جب بانی سلسلہ احمدیہ حضرت مسیح موعود زندہ تھے ایک ترکی سفیر یہاں آیا۔ ترکی حکومت کو مضبوط بنانے کے لئے اس نے مسلمانوں سے بہت سا چندہ لیا اور جب اس نے جماعت احمدیہ کا ذکر سُنا تو قادیان بھی آیا۔ حسین کامی اس کا نام تھا حضرت مسیح موعود سے اس کی گفتگو ہوئی اس کا خیال تھا کہ مجھے یہاں سے زیادہ مدد ملے گی حضرت مسیح موعود نے اس کا وہ احترام کیا جو ایک مہمان کا کرنا چاہیے پھر کچھ مذہبی گفتگو بھی ہوگئی حضرت مسیح موعود نے اسے کچھ نصائح کیں کہ دیانت وامانت پر قائم رہنا چاہئے لوگوں پر ظلم نہیں کرنا چاہئے اور فرمایا کہ رومی سلطنت ایسے ہی لوگوں کی شامتِ اعمال سے خطرہ میں ہے کیونکہ وہ لوگ جو سلطنت کی اہم خدمات پر مامور ہیں اپنی خدمات کو دیانت سے ادا نہیں کرتے اور سلطنت کے سچے خیر خواہ نہیں بلکہ اپنی طرح طرح کی خیانتوں سے اس اسلامی سلطنت کو کمزور کرنا چاہتے ہیں اور آپ نے یہ بھی فرمایا کہ سلطانِ روم کی سلطنت کی اچھی حالت نہیں ہے اور میں کشفی طریق سے اس کے ارکان کی حالت اچھی نہیں دیکھتا اور میرے نزدیک ان حالتوں کے ساتھ انجام اچھا نہیں۔ اور ترکی گورنمنٹ کے شیرازہ میں ایسے دھاگے ہیں جو وقت پر ٹوٹنے والے اور غداری سرشت ظاہر کرنے والے ہیں۔ حضرت مسیح موعود نے جب یہ نصیحتیں کیں تو اس سفیر کو بہت بُری لگیں۔ کیونکہ وہ تو اس خیال کے ماتحت آیا تھا کہ میں سفیر ہوں اور یہ لوگ میرے ہاتھ چومیں گے اور میری کسی بات کا انکار نہیں کریں گے۔ حضرت مسیح موعود نے جب اس سے یہ کڑوی کڑوی باتیں کیں کہ تم حکومت سے بڑی بڑی تنخواہیں وصول کرکے اس کی غداری کرتے ہو تمہیں تقویٰ وطہارت سے کام لے کر اسلامی حکومت کو مضبوط کرنا چاہئیے تو وہ یہاں سے بڑے غصّہ میں گیا۔

(روزنامہ الفضل 3 ستمبر 1935ء)

تبصرہ

اشکوں کی کہکشاں

(مکرم چوہدری محمد سلیم صاحب عرف بابا ہری کی سیرت وسوانح)

نام کتاب: اشکوں کی کہکشاں

مصنف: مکرم چوہدری محمود احمد سلیم صاحب سدھو

صفحات: 207

ملنے کا پتہ: شکور بھائی وافضل برادرز گولبازار ربوہ دارالذکر لاہور

حضرت مسیح موعود کی صداقت کا یہ ایک عظیم الشان نشان ہے کہ آپ کے ماننے والوں میں بکثرت ایسے لوگ پیدا ہوئے جن کا زندہ خدا سے زندہ تعلق تھا اور جہاں جہاں سے یہ لوگ گزرے اپنی نیکی وطہارت کا نشان چھوڑتے رہے اور جہاں رہے اور جن لوگوں میں رہے۔ وہاں خدا کی محبت اور اطاعت کے بے مثال نمونوں کی ایسی کہکشاں چھوڑ گئے کہ آج بھی ان یادوں کے دیے جلا کر کئی گم گشتگان راہ اپنی راہ کی تلاش کرتے ہیں۔

